

# NEWHAM high streets

## نیوہیم ہائی اسٹریٹس

Newham London

نیوہیم ہائی اسٹریٹس کی بحالی کی خاطر مل کر ایک ڈیلیوری پلان تشکیل دیا جا رہا ہے

منصوبے کا مختصر جائزہ

**NEWHAM**

**high streets**

نیوہیم ہائی اسٹریٹس روزمرہ کے اہم مقامات ہیں، جو اپنی مقامی کمیونٹیز کو خدمات فراہم کرتے اور وزیٹرز کو بورو کی جانب متوجہ کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ قابل قدر اقتصادی اور سماجی سرگرمی کے مقامات ہیں اور ان کی اپنی انفرادی پہچان ہیں۔ یہ وہ مقامات ہیں جو ان افراد کی روزمرہ کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں جنہیں نیوہیم میں رہنا اور کام کرنا ہے اور ان میں ہر ایک کو قریب لانے کی خوبی موجود ہے۔ عوام، کاروباری اداروں، اور رضاکارانہ اور عوامی شعبہ جات کے انفرادی اراکین کی مجموعی کاوشوں سے، ہائی اسٹریٹس غیر معمولی طور پر مشمول مقامات بن سکتے ہیں کہ جو مقامی معیشت کو فروغ دیتے ہوں، سب کے لئے روزگار اور تربیتی مواقع فراہم کرتے ہوں، سماجی ربط قائم کرتے ہوں، اور فعال سفر کے ذریعے صحتمندانہ طرز زندگی کو فروغ دیتے ہوں۔



## ہزئاج اک مارگورپ

کونسل کی حالیہ کمیونٹی کے سرمائے تشکیل (Community Wealth Building) اور 'ایک بہتر نیوہیم کی جانب' Covid-19 بحالی (Towards a Better Newham' Covid-19 Recovery) کی حکمت عملیاں ہائی اسٹریٹس کو ایک ایسی مشمول معیشت کی تخلیق میں مرکزی کردار تفویض کرتی ہیں جو نیوہیم کے لوگوں کی صحت اور فلاح و بہبود کو معاونت فراہم کرتی ہو۔ نیوہیم کا ہائی اسٹریٹس پروگرام ایک بہتر نیوہیم کی جانب Covid-19 بحالی کی حکمت عملی کے ستون 5 کی خاطر ایک واضح ڈیلیوری پلان تخلیق کرنے کے ہدف پر مبنی ہے، جو کونسل کو ان ہائی اسٹریٹس کی خاطر کام کرنے کا اختیار دیتی ہے کہ جو 15 منٹس کے فاصلے میں آس پاس کے علاقوں کے اصولوںکو شامل کرتے ہوئے، صحتمندانہ اور خوش و خرم کمیونٹیز کو معاونت فراہم کرتی ہیں۔ 15 منٹ کے فاصلے میں آس پاس کے علاقوں اردگرد کی ایسی جگہیں ہیں جس میں کوئی بھی رہائشی تمام بنیادی، روز بروز کی ضروریات کو اپنے گھر سے 15 منٹ کی مسافت پر پورا کر سکتے ہیں۔

نیوہیم ہائی اسٹریٹس Covid-19 کی وجہ سے نمایاں طور پر متاثر ہوئی ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ یہ پروگرام ان کی بحالی میں معاونت فراہم کرنے میں مدد دے گا۔ نیوہیم ہائی اسٹریٹس کا ہدف رہائشیوں اور کاروباری اداروں کی خوشی اور فلاح و بہبود پر مرکوز ایک بحالی کا راستہ تخلیق کرنا ہے، تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ان کے پاس وہ سب کچھ موجود ہے جو انہیں واپسی اور بحالی کی مشکلات سے نبٹنے کی خاطر درکار ہے۔ حالیہ خطرات کے باعث، کونسل اور کمیونٹیز کو مل کر ہماری ہائی اسٹریٹس کو شفاف تر، مزید سرسبز، اور بہتر مقامی کمیونٹی کی تعمیر کے مشترکہ وسیلے کے طور پر منظم کرنے اور پروان چڑھانے کی خاطر مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

باہم مصروف عمل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہماری ہائی اسٹریٹس کو درپیش فی الوقت اور مستقبل کی مشکلات سے نبٹنے کی خاطر پیش قدمی میں مدد دینے میں ہر ایک کا اہم کردار ہے۔ ہم آپ یعنی ان لوگوں کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں، جو نیوہیم ہائی اسٹریٹس میں رہتے، کام کرتے، اور آتے جاتے ہیں، تاکہ اصولوں کے سیٹ، ممکنہ منصوبہ جات کو شناخت کر سکیں، اور وہ باہمی شراکت داریاں وضع کر سکیں، کہ جو مستقبل کی سرمایہ کاری میں رہنما ثابت ہوں۔ ویسے، پروگرام فوری تصحیح کا قلیل المدت حل نہیں ہے بلکہ اس کے بجائے نیوہیم ہائی اسٹریٹس میں مشترکہ گورننس اور مجموعی اقدام کے ذریعے تبدیلی کو سہولت پہنچانے کا ایک دیر پا عہد ہے۔ اس عمل سے جنم لینے والا کوئی بھی منصوبہ فنڈنگ کا متقاضی ہو گا، کہ جس کی نشان دہی کرنا فی الحال باقی ہے۔ منصوبے کے سب سے زیادہ تائید یافتہ خیالات ہمیں آئندہ برسوں میں فنڈنگ کی بولیوں کے ذریعے سے فعال طور پر سرمایہ کاری تلاش کرنے



میں مدد دیں گی، کہ جو کامیاب ہونے کی صورت میں ہائی اسٹریٹس کو مقامی لوگوں کی منشاء کے عین مطابق بہتر بنا پائے گی۔

## منصوبے میں کیسے شامل ہونا ہے؟

یہ دستاویز پروگرام کی مجموعی وسعت، حکمت عملی، اور مقاصد کے بارے میں ابتدائی معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہم نیوہیم باہمی تخلیق استعمال کر رہے ہوں گے تاکہ آپ کے لئے شرکت کے مواقع تخلیق کیے جائیں اور آپ کو پروگرام کی اپ ڈیٹس سے باخبر رکھا جائے۔ اپ ڈیٹس نیوہیم کونسل کے سوشل میڈیا (Facebook / Twitter / Instagram)کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں، یا ہماری ترسیلاتی فہرست میں شامل ہونا چاہیں، تو براہ کرم ای میل کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں: newhamhighstreets@newham.gov.uk یا فون کے ذریعے رابطہ کریں: 08008611424، سوموار تا جمعہ، 10.00 - 16.00 کے درمیان۔

# پروگرام کی حکمت عملی

تو، نیوہیم ہائی اسٹریٹس کے لئے اصولوں کے سیٹ، منصوبے کی ممکنہ تجاویز اور شراکت داریوں کے ساتھ ساتھ ہر ہائی اسٹریٹ کے لئے پروگرام کا ڈیلیوری پلان تشکیل دینے کی حکمت عملی کیا ہے؟ ہماری حکمت عملی کی اہم خصوصیات ذیل میں دی گئی ہیں:

**یہ موافقت پذیر دیرپا پروگرام ہے، جو مواقع اور فنڈز دستیاب ہونے ہی رد عمل فراہم کرتا ہے۔**

چونکہ جائزے اور باہمی ترتیب کے مراحل سے ملی معلومات مستقبل کی فنڈنگ کے مواقع اور خدمات کے لئے بولیوں کی رہنمائی میں مدد فراہم کریں گی، لہٰذا ہم آپ کے ساتھ پیشگی طور پر مشغول ہو رہے ہیں۔

**بورو بھر کی ہائی اسٹریٹس کے لئے انفرادی حکمت عملیاں تخلیق کرنے کی خاطر ہم مراحل میں کام کریں گے۔**

گرین اسٹریٹ (*Green Street*)، فاریسٹ گیٹ (*Forest Gate*)، مینور پارک (*Manor Park*)، اور لٹل الفرڈ (*Little Ilford*) پر مرکوز، حکمت عملی کے پہلے مرحلے کا آغاز *2020* سے ہوا چاہتا ہے۔

**ہم اپنی ہائی اسٹریٹس سے ثبوت اور ڈیٹا اکٹھا کر رہے ہیں جو ہم مل کر باخبر فیصلے لینے کے قابل ہونے کی خاطر آپ کے ساتھ شیئر کر رہے ہیں۔ مظاہر کے اہم تھیمز:**

عوام اور کمیونٹی، معیشت اور کام، شہری امور اور شمولیت، ماحول اور آب و ہوا، صحت اور فلاح و بہبود، ڈویلپمنٹ و مقام سازی۔

**ہم رہائشیوں، کاروباری مالکان، اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ہائی اسٹریٹ کی حکمت عملیاں باہم ترتیب دیں گے۔**

نیوہیم باہمی تخلیق کا وہ آن لائن پلیٹ فارم جو ہم نے تخلیق کیا ہے *covid-19* کے حوالے سے عائد کردہ پابندیوں کے دوران ہمیں اس اشتراک کو محفوظ طور پر چالو کرنے کے قابل بناتا ہے۔

---

نیوہیم ہائی اسٹریٹس کے لئے مقام پر مبنی، باہمی ترتیب شدہ، موافقت پذیر، اور مظاہر پر مبنی ڈیلیوری پلان کے حصول کی خاطر، تین بنیادی مراحل ہیں: ایک دائرے میں کام کرتے ہوئے، **جائزہ**، **باہمی ترتیب بندی**، اور **نمونہ سازی**۔ نیوہیم ہائی اسٹریٹس کا مستقبل تشکیل دینے میں رہائشیوں، کاروباری اداروں، اور مقامی اسٹیک ہولڈرز اور تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خاطر یہ دائروی عمل کونسل سے مستقل عہد کو یقینی بناتا ہے۔

**01. جائزہ**

ڈیٹا اور مظاہر نیوہیم ہائی اسٹریٹس پروگرام کو موافقت کرنے، ٹاؤن مراکز میں رونما ہوتی تبدیلیوں پر رد عمل دینے، اور وقت کے ساتھ ساتھ اثر کی کھوج لگانے میں مدد دیتے ہیں۔

**02. باہمی ترتیب بندی**

نیوہیم کے رہائشی، کاروباری ادارے، اور مقامی تنظیمیں وہ اصول اور منصوبے کے خیالات تجویز کرنے اور ان پر تبادلۂ خیال کرنے کی غرض سے مل بیٹھتے ہیں جو ہماری ہائی اسٹریٹ کے مستقبل کی رہنمائی کریں گے۔

**03. نمونہ سازی**

جائزے اور باہمی ترتیب بندی سے شناخت شدہ منصوبے کے خیالات کو فنڈنگ کے مواقع دستیاب ہونے پر وقت کے ساتھ ساتھ عمل میں لایا جاتا ہے۔ یہ اصلاحات کونسل کی جانب سے، نجی سیکٹر کے تعاون سے فراہم کی جا سکتی ہیں، یا مقامی افراد کے ساتھ مل کر تخلیق کی جا سکتی ہیں۔

# پروگرام کے اصول اور مقاصد

پروگرام نیوہیم کونسل کے کمیونٹی کے سرمائے کی تعمیر اور بہتر نیوہیم کی جانب Covid-19 بحالی کی حکمت عملیوں کے مقاصد کو معاونت دیتا ہے، اور لہٰذا اس کا مقصد نیوہیم ہائی اسٹریٹس کو حکمت عملی کے حساب سے ایک ایسے مقام کی صورت ڈھل جانے کی خاطر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے کہ جو **مزید صحتمند اور خوش و خرم کمیونٹیز کے لئے بنیادی لوازمات فراہم کرے**۔ اس مقصد کے حصول کے لئے، پروگرام اپنے مجوزہ اصولوں اور منصوبے کے خیالات دونوں کے ذریعے، نیز نیوہیم ہائی اسٹریٹس پر مل کر کام کرنے کے جاری و ساری مشترکہ عمل کو تخلیق کرنے کی مدد سے **سماجی شمولیت**، **کمیونٹی کی استعداد**، اور **تعاون** کو معاونت فراہم کرنے کی خاطر راہیں متعین کرے گا۔

---

نیوہیم ہائی اسٹریٹس کے لئے اصلاحات کی نوعیت کو بہتر طور پر سمجھنے کی خاطر، ہمارا اندازہ ہے کہ ہماری ہائی اسٹریٹس کو معاونت پہنچانے اور آگے بڑھانے والے منصوبے کی تین اقسام ہوں گی:

**غیر مقامی پروگرامز:**
منصوبہ نیوہیم ہائی اسٹریٹس کو نہ صرف عملی قطعات کے ذریعے، بلکہ سہیل تر پروگراموں اور ان منصوبہ جات کے ذریعے بھی جدید بنانے پر توجہ دے گا کہ جو صحت اور فلاح و بہبود، شمولیت، روزگار، تربیت، اور نوجوان طبقے کی سرگرمیوں کے مسائل کو حل کرتے ہوں۔ یہ خیالات کونسل، مقامی گروہوں، کاروباری اداروں، اور تنظیموں سمیت مختلف اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے فراہم کیے جائیں گے۔

**فعال جگہیں:**
عوامی حلقے سے بڑھ کر، ٹاؤن مراکز کی جانب سے پیش کردہ استعمالات، جگہوں، خدمات، اور سرگرمیوں کی بناوٹ ہی انہیں کامیاب مقامات بناتی ہے۔ ہائی اسٹریٹس میں نئے استعمالات کو متعارف کروانے کے مقصد کے حامل نسبتاً بڑے پائلٹ منصوبہ جات ڈیلیوری پلانز کا ناگزیر حصہ ہوں گے۔ یہ منصوبہ جات کونسل کی کاوشوں سے بڑھ کر مزید ہم آہنگی کے متقاضی ہوں گے کیونکہ ان میں مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ملکیتی اثاثہ جات کے شامل ہونے کا امکان ہو گا۔

**عوامی حلقے کی اصلاحات:**
اس امر کے نمایاں حصے کا دارومدار عوامی حلقے کے تاثر اور احساس پر ہوتا ہے کہ نیوہیم میں کام کرنے، رہنے یا آنے جانے والے لوگ اس کی ہائی اسٹریٹس کو کیسا پاتے ہیں۔ منصوبے کے کچھ خیالات کو اس امر کا احاطہ کرنا چاہیئے کہ ہم ان ہائی اسٹریٹس کے عوامی حلقے کو کیسے بہتر اور موافق بنا سکتے ہیں۔ نیوہیم تشکیل دیں کے منصوبے نے عوامی حلقے کے مسائل کے حل کی باہم ترتیب بندی کی نئی حکمت عملی وضع کی ہے، اور یہ نیوہیم ہائی اسٹریٹس پروگرام میں جاری رہے گی۔

---

مذکورہ بالا اقسام کے منصوبہ جات پر کام کرنا آسان نہیں ہو گا۔ عوامی فنڈنگ پر بوجھ کا مطلب ہے کہ ہمیں بے باک، جدت پسند، اور اشتراکی بننا ہو گا۔ درج ذیل صفحات پر ہم نے برطانیہ اور اس کے آس پاس کے علاقوں کی اختراعی کیس اسٹڈیز کا ایک سلسلہ اکٹھا کیا ہے، جس کا بنیادی اصول مختلف سیکٹرز: کونسل، نجی و رضاکارانہ سیکٹر کے اطراف سے اسٹیک ہولڈرز، مقامی کاروباری اداروں، تنظیموں اور رہائشیوں کو ایک پیج پر لانا ہے۔

NEWHAM
high streets

# منصوبے کے خیالات

ہم نے برطانیہ اور اس کے آس پاس کے علاقوں کی اختراعی کیس اسٹڈیز کا ایک سلسلہ جمع کیا ہے کہ جس میں مقامی ہائی اسٹریٹس اور ہمسایہ علاقوں کو ترقی دینے کی قوت موجود ہے۔ ہم نے منصوبے کے ایسے کسی بھی قسم کے خیالات کی ترغیب کے طور پر یہ کیس اسٹڈیز فراہم کی ہیں جو آپ کی مقامی ہائی اسٹریٹ کے مطابق ڈھالے جا سکتے اور عمل میں لائے جا سکتے ہیں۔ **منصوبے کے خیالات کی یہ فہرست کسی صورت جامع نہیں ہے، لہٰذا ہم آپ کے خیالات جاننے میں نہایت دلچسپی رکھتے ہیں۔**

ہم نے اہم تھمیز سے آگے آنے والی کلید کے اندر کیس اسٹڈیز کو اکٹھا کیا ہے: معیشت اور کام، ڈویلپمنٹ و مقام سازی، صحت اور فلاح و بہبود، آب و ہوا اور ماحول، اور شہری امور اور شمولیت۔

منصوبے کے ہر خیال کی کیس اسٹڈی کے ساتھ ایک مختصر وضاحت، نیز منصوبے کی قسم، درکار وسائل، اور منصوبے سے آپ کی ہائی اسٹریٹ پر ہونے والے اثر کی نوعیت کو نمایاں کرنے والے کچھ آئیکنز بھی موجود ہیں۔ ذیل میں آنے والے منصوبے کے خیالات کو تلاش کرنے کی کلید دی گئی ہے۔

## منصوبے کی قسم

غیر مقامی پروگرامز | فعال جگہیں | عوامی حلقے کی اصلاحات

## درکار وسائل (یعنی کہ وقت، فنڈز، افراد)

قلیل وسائل | درمیانی وسائل | کثیر وسائل

## اثر پذیری کے حلقہ جات

شہری امور اور شمولیت | صحت اور فلاح و بہبود | معیشت اور کام

ڈویلپمنٹ اور مقام سازی | ماحول اور آب و ہوا

# معیشت اور کام




photo by Ben Quinton

## اشتراکی جگہیں

اشتراکی جگہیں آلات، ٹیکنالوجی اور ساز و سامان بنانے، ان کو جاننے، اور ان کا اشتراک کرنے سے متعلق جائے کار ہیں۔ اشتراکی جگہیں تمام عمروں کے لوگوں کو ان کے ماڈل کی بنیاد پر میسر ہیں۔

بلیک ہارس ورکشاپ (Blackhorse Workshop) تخلیق کاری و مرمت کے لئے مختص جگہ ہے۔ یہ لکڑی، دھات، اور تخم ریزی کی مکمل طور پر لیس ورکشاپ تک رسائی کی پیشکش کرتی ہیں۔ یہ لوگوں کو چیزیں مرمت کرنے اور اپنا ذاتی کاروبار شروع کرنے میں مدد دیتی ہیں۔



photo by 3space

## قابل استطاعت جائے کار

قابل استطاعت جائے کار فروغ پاتے نئے کاروباروں، سماجی انٹرپرائزز، اور خیراتی اداروں کے لئے مستقل یا وقتی جگہ فراہم کرتی ہیں۔

لیمبیتھ (Lambeth) میں قائم انٹرنیشنل ہاؤس 11 منزلہ بڑا دفتری بلاک ہے جسے 3Space کی جانب سے قابل استطاعت جائے کار میں بدل دیا گیا ہے۔ 3Space 'لین دین کا کام' کی اسکیم چلاتی ہے جو سماجی انٹرپرائزز، کمیونٹی گروہوں، اور نوجوان طبقے کی کاروباری سازی (entrepreneurship) میں معاونت فراہم کرتی ہے۔



## مقامی آن لائن خریداری

بائیک پر ترسیل کے نیٹ ورک کے اشتراک میں ایک آن لائن پلیٹ فارم آپ کے آس پاس کے مقامی کاروباری اداروں کو معاونت فراہم کرتے ہوئے اور آپ کو گھر پر چیزوں کے حصول میں تعاون دیتے ہوئے آن لائن خریداری کو فروغ دے سکتا ہے۔

Shopappy ایک آن لائن پلیٹ فارم ہے جو کسی ٹاؤن میں ایک جگہ پر موجود مقامی خودمختار دکانوں اور کاروباری اداروں کو اپنے پاس فروخت کی غرض سے دستیاب معلومات، مصنوعات اور خدمات ظاہر کرنے کے قابل بنانے کا کام کرتا ہے۔

# صحت اور فلاح و بہبود

## ہیلتھ کیئر کوآپریٹوز

ہیلتھ کیئر کوآپریٹوز رہائشیوں، اسٹیک ہولڈرز، اور ماہرین کی جانب سے تخلیق کردہ ایک مقامی نیٹ ورک ہے، جو ضرورت مند افراد کو معاونت، خدمات، اور بنیادی نگہداشت فراہم کرتا ہے۔

نیدرلینڈز میں، ہیلتھ کیئر کوآپریٹوز نے نگہداشت صحت کے سیکٹر کی نجکاری کے بعد، مقامی ہمسایہ علاقوں میں شہرت پائی۔ یہ رہائشیوں کے ہمسایوں کو معاونت فراہم کرنے کے ذریعے ان کے ایک نیٹ ورک کو ہیلتھ ایمبیسڈرز بننے کا مجاز کرتا ہے۔



*photo by Rob Voss*

## صحت کے لیے علاقائی مرکز

صحت کا علاقائی مرکز، مقامی کمیونٹی کے سماجی و طبی دونوں طرح کے عوامل کو مدِنظر رکھتے ہوئے متعدد خدمات فراہم کرنے والی طبی پریکٹس کے ساتھ کمیونٹی کی ایک جگہ کو منسلک کرتا ہے۔

اس کی ایک اہم ترین مثال لندن میں قائم [بروملی بائی بو سینٹر (Bromley-by-Bow Centre)] ہے، ایک ایسا خیراتی ادارہ جو ایک کمیونٹی مرکز کو مرکز صحت سے منسلک کرتا ہے۔ وہ گھرانوں اور نوجوان طبقے کو اپنی فلاح و بہبود بہتر بناتے ہوئے، نئی مہارتیں سیکھنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔



*photo by The Glasshouse community led design*

## کھیل کی سڑکیں

کھیل کی سڑکیں نوجوانوں اور بڑوں دونوں کی جسمانی اور دماغی صحت کو معاونت دیتے ہوئے، ان کو باہر نکلنے اور کھیلنے کا موقع دینے والی سڑکوں کی عارضی بندشیں ہیں۔

[نیوہم کونسل] والدین، سرپرستوں اور ہمسایوں کو کھیل کی سڑکیں تخلیق کرنے میں معاونت فراہم کرتی ہے، کہ جو دن کے وقت چار گھنٹوں تک کے لئے ٹریفک کی آمد و رفت کے لئے بند کی جا سکتی ہیں، تاکہ بچوں کو اپنے گھروں سے نزدیک عوامی جگہوں پر زیر نگرانی کھیل سے لطف اندوز ہونے کا موقع دیا جا سکے۔



# شہری امور اور شمولیت

## شمولیتی مراکز


photo by Every One Every Day

شمولیتی مراکز ہائی اسٹریٹس پر رہائشیوں کے اکٹھے ہونے، نئے منصوبہ جات، خیالات، اور مشترکہ کاروبار وضع کرنے کی جگہیں ہیں۔ بعض کونسلز اپنی بوروز میں شمولیت کو فروغ دینے کی خاطر اس خیال کو بروئے کار لا رہی ہیں۔

ہر ایک ہر دن (Every One Every Day) بارکنگ اور ڈیگنہیم (Barking & Dagenham) میں ایک پروگرام ہے جو رہائشیوں کو اپنے گرد و پیش میں 'عملی مشقی' منصوبہ جات تشکیل دینے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ ہائی اسٹریٹس پر متعدد مراکز / دکانوں سے چلایا جاتا ہے۔

## نوجوان طبقے کو بااختیار بنانے کے پروگرامز


Photo by NeONBRAND on Unsplash

نوجوان طبقے کے مہم جوئی کے پروگرامز اسکولوں کی جانب سے منعقد کیے جا سکتے ہیں یا عوامی یا ثالث سیکٹر کی جانب سے فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ مقصد نوجوان لوگوں کی صلاحیتوں کو ابھارنا اور ان کو برسرِ روزگار ہونے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔

گرین برونکس مشین (Green Bronx Machine) نیویارک میں اسکول پر مبنی ایک پروگرام ہے جو طلباء کی صحت کو تعاون فراہم کرنے، ان کی کاروباری صلاحیتوں کو پروان چڑھانے، اور اس سب کے بیچ سرسبز کمیونٹیز تعمیر کرنے میں شہری زراعت اور اسکول کی کارکردگی کے کلیدی شناخت کاروں کو بروئے کار لا رہا ہے۔

## مقامی کرنسی



photo by Eleni Katrini

یہ وہ کرنسیاں ہیں جو مخصوص جغرافیائی حدود میں یہ یقینی بناتے ہوئے مقامی معیشتوں کو معاونت فراہم کرنے کی غرض سے استعمال کی جا سکتی ہیں کہ اخراجات (صرف) اسی علاقے کے اندر رہیں اور مقامی کاروباروں کے لئے تشہیری حکمت عملی کا کردار ادا کرے۔

برکسٹن پاؤنڈ (Brixton Pound) ایک مقامی کرنسی ہے جو برکسٹن میں مقامی خودمختار دکانوں میں اور منڈی کے تاجروں کے بیچ استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس اقدام میں ایک کمیونٹی کیفے بھی ہے جو مقامی منصوبہ جات کو معاونت فراہم کرتا ہے۔

# آب و ہوا اور ماحول

## سیف سائیکل لینز


photo by Paul Kruger

شہر میں سائیکلنگ کو فروغ دینے کے لئے سائیکلنگ کے محفوظ تر رستے درکار ہیں، کہ جس سے نقل و حمل کا زیادہ صحت افزا اور دیرپا ذریعہ بھی میسر آئے گا۔ اپنی ذاتی لینز پر مشتمل سائیکلنگ کے راستے، کہ جن کے اور سڑک کے درمیان حفاظتی رکاوٹیں موجود ہوں سائیکلنگ کا محفوظ تجربہ فراہم کرتے ہیں۔

## سرسبز اسٹریٹس اور بارانی باغات


photo by Dylan Passmore

سرسبز اسٹریٹ سیلابی پانی کی مستقل نکاسی کی خاطر سرسبز مقامات اور بارانی باغات پر مشتمل تخلیق کردہ ایک اسٹریٹ ہے۔ عدم نفوذ و انجذاب کی حامل سطحوں (مثلاً، آمد و رفت کی سڑکوں اور پیادہ راستوں) پر سے سیلابی پانی کے بہاؤ کو کم کرنے، اسے فلٹر، اور صاف کرنے کے لئے اس حکمت عملی میں سبزہ اگانا بھی شامل ہے۔ بارش کے پانی کو اس کے نقطہ آغاز پر روک لینے کی خاطر سرسبز اسٹریٹس ڈیزائن کی گئی ہیں۔

## شہری زراعت


photo by R-Urban

شہری زراعت شہری علاقوں میں اجناس کی کاشت کاری، پروسیسنگ، اور تقسیم کاری کا عمل ہے۔ اس میں شہروں میں اجناس اگانے، نامیاتی فضلے اور فاسد پانی کے تدارک کے اختراعی طریقے شامل ہیں۔

Agrocité پیرس کے مضافاتی علاقے میں موجود کمیونٹی فارم ہے جس میں کمیونٹی کا کچن، تصریفی مقامات، سبزیوں کی کھاد، چھتہ اور مرغی خانہ شامل ہے۔ پیداوار کو مقامی تقسیم کار نیٹ ورک میں مقامی دکان کے ذریعے سے شامل کر دیا گیا ہے۔

# ڈویلپمنٹ اور مقام سازی

## دکان کے پیش منظر میں جدت کاریاں




photo by Adrienne Photography Ltd

دکان کے پیش منظر کی جدت کاریاں ہائی اسٹریٹس کے منظر اور احساس کو بہتر کر سکتے اور دکان میں افراد کی گنجائش کو بڑھانے اور ہائی اسٹریٹ پر موجود دکانوں میں زیادہ لوگوں کو لانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

دکان کے پیش منظر کی حالیہ کامیاب جدت کاری والتھم فارسٹ (Waltham Forest) میں لیٹن ہائی روڈ (Leyton High Road) ہے۔ اس منصوبے میں دکان کے پیش منظر کی بہتریاں، نیز عمارت کے بالائی مرکزی حصے کی تزئین اور بحالی شامل ہے۔

## سیف اسٹریٹس میں بہتریاں



photo by Ruth Ward

اصلاحات جیسا کہ پیدل افراد کی کراسنگز اور دیگر اسٹریٹ اصلاحات چہل قدمی کو فروغ دیتے ہوئے ہائی اسٹریٹس کے منظر اور احساس کو بہتر بنانے میں مدد دے سکتی ہیں۔

TFL کے فیوچر اسٹریٹس انکیوبیٹرز فنڈ ( TFL (Future Streets Incubator Fund کی مدد سے ابتدائی طور پر فنڈ کردہ، رنگین کراسنگز ایک سالانہ کمیشن کا روپ دھار چکی ہیں جو بینک سائیڈ (Bankside) کے مرکز میں ساؤتھ وارک (Southwark) اسٹریٹ میں رنگ اور اینیمیشن لے کر آئی ہیں۔

## عوامی حلقے کی فعالیت



photo by Aris Kamarotos

شہری فرنیچر اور تخلیقی روشنی لوگوں کو سستانے اور آرام کرنے کی جگہیں، نیز شام میں تحفظ کا احساس فراہم کر کے پورا دن عوامی حلقے کو فعال رکھنے میں مدد دے سکتی ہے۔

ایتھنز میں، ایک متروکہ تنگ گلی لوگوں کی آمد و رفت کی جگہ بن گئی کیونکہ اسے تخلیقی روشنیوں کی مدد سے فعال کیا گیا۔ Beforelight نے رہائشیوں کے پرانے لیمپس اکٹھے کیے اور انہیں تنگ و تاریک گلیوں میں نصب کر کے، انہیں چہل قدمی کے لئے محفوظ بنایا۔